**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## تمام آپریشن سرکلز انچارج کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے

## صارفین کی بجلی سے متعلقہ شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ترجمان آئیسکو

صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے بارے میں بہتر آگاہی اور ان کے بروقت ازالے کو ممکن بنانے کے لیے آئیسکو انتظامیہ نے تمام آپریشن سرکلز میں مورخہ 20 نومبر 2025 (بروز جمعرات) صبح 10:00 سے دن 12:00 بجے تک منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔جس کے مطابق ایس ای اسلام آباد سرکل بمقام العدید شادی ہال نیو اقبال ٹاؤن، اسلام آباد، ایس ای راولپنڈی سٹی سرکل بمقام آئیسکو پیرودھائی سب ڈویژن راولپنڈی، ایس ای راولپنڈی کینٹ سرکل بمقام آئیسکو چوآ خالصہ سب ڈویژن، ایس ای اٹک سرکل بمقام آئیسکو شادی خان سب ڈویژن، ایس ای جہلم سرکل بمقام آئیسکو بیول سب ڈویژن اور ایس ای چکوال سرکل بمقام شبیر میرج ہال مین مارکیٹ دولتالہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے جن کی براہ راست نگرانی چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر خالد محمود کریں گے۔صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل اور تجاویز کے لئے کھلی کچہریوں میں شرکت کریں، مزید معلومات کے لئے کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل کے نمبرز 34-0519252933 پر رابطہ کریں۔